گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ

gsk do more feel better live longer

نوٹس برائے سالانہ اجلاسِ عام 2020

بذریعہ ہذا ممبران کو اطلاع دی جاتی ہے کہ درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ کا چھٹا سالانہ اجلاس عام مؤرخہ 21 اپریل 2021 بروز بدھ، دوپہر 01:30 بجے بذریعہ/ براہ راست WEBEX ویڈیو لنک منعقد کیا جائے گا:

عمومی امور

1۔ کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2020 کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔

2۔ کمپنی کے عمومی شیئرز پر ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے غور وخوض، اس کی منظوری اور اعلان۔ ڈائریکٹرز نے 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے 50 فیصد حتمی کیش ڈیویڈنڈ تجویز کیا ہے (10 روپے کے ہر عمومی شیئر پر 5 روپے)۔

3۔ آئندہ سال کے لیے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کے مشورے پر میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے بیرونی آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کے لیے تجویز کیا ہے۔

خصوصی کاروبار

4۔ ایک یا ایک سے زیادہ خیراتی ٹرسٹ/ فلاحی ایسوسی ایشن یا کسی بھی دوسرے ادارے/ تنظیم کو جو انسانی فلاح و بہبود میں مصروف ہیں، ان کے لیے عطیہ کی منظوری کے لیے مندرجہ ذیل عام قرارداد کو منظور کرنا:

"قرار پایا ہے کہ جناب فرحان محمد ہارون جو کہ فریکشن (demerger) کے ارسٹی بھی ہیں، ان کی ملکیت میں موجود 4,913 ہزار عمومی حصص کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کو ایک یا ایک سے زائد خیراتی اداروں/ فلاحی اداروں یا کسی بھی دوسرے ادارے کو دی جائیں گی جو کہ انسانی فلاح و بہبود کے کاموں میں سرگرم عمل ہیں، ایسے کسی بھی ادارے کے نام کی منظوری کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے اسی وقت دی جائے گی"۔

دیگر کاروباری امور

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

مشعل محمد — کراچی

کمپنی سیکرٹری — 31 مارچ 2021

نوٹس:

1۔ SECP کے سرکلر نمبر 6 برائے سال 2021 بتاریخ 3 مارچ 2021 کے مطابق سالانہ اجلاس عام کی کارروائی آن لائن انجام دی جائے گی۔ COVID-19 کے بڑھتے ہوئے کیسز اور سفر سے متعلق پابندیوں کے تحت غیر مالی ڈائریکٹرز اور شیئر ہولڈرز، ڈائریکٹرز اور انتظامیہ کی حفاظت کے پیش نظر چھٹا سالانہ اجلاس عام ورچوئلی منعقد کیا جا رہا ہے۔ WEBEX کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنی سہولت کے مطابق مندرجہ ذیل لنک/ QR کو یا ای میل ایڈریس پر اپنے نام اور فولیو نمبر کے ساتھ متعلقہ سوالات/ تبصرے/ تجاویزات ارسال کریں۔ سالانہ رپورٹ بذریعہ ای میل ان شیئر ہولڈرز کو بھیجی جائے گی جن کے ای میل ایڈریس CDC اور شیئر رجسٹرار کے ریکارڈز/ ڈیٹا بیس میں موجود ہوں گے۔ سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کی گئی ہے اور شیئر ہولڈرز کے لیے با آسانی قابل رسائی ہے۔ www.pk-consumerhealthcare.gsk.com

سالانہ اجلاس عام کے لیے اپنے سوالات ارسال کرنے کے لیے براہ مہربانی QR کوڈ اسکین کریں یا پھر دیے گئے لنک پر کلک کریں، ورچوئل اجلاس کے دوران سب کے مائیکروفونز خود کار طریقے سے بند کر دیے جائیں گے:

Join at:
vevox.app
ID:
177-154-790

https://vevox.app/m#/177154790
Session ID: 177-154-790

ای میل ایڈریس: chc.shareinfo@gsk.com

ایسے اراکین جو حصص نقیس سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہاں ہیں وہ مندرجہ لنک پر کلک کر کے اس میں آن لائن شرکت کر سکتے ہیں:

اجلاس کے لیے WebEx لنک

https://gskmeeting.webex.com/gskmeeting/onstage/g.php?MTID=e893a69a334f0821cb4aecb4512a38e90

براہ مہربانی نوٹ فرمائیں کہ وہ حصص داران جو محلی طور پر شرکت کریں گے وہ ڈائریکٹرز کو دیکھنے اور سالانہ اجلاس عام کی براہ راست کارروائی کو سننے کے لیے تو اہل ہوں گے لیکن وہ خاموش رہیں گے تاکہ کسی بھی قسم کی رکاوٹ سے بچا جا سکے۔ WebEx کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے حصص یافتگان اپنے متعلقہ سوالات/ تبصرے/ تجاویزات اپنے نام اور فولیو نمبر کے ساتھ لنک/ کیو آر کوڈ/ ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں جو کہ اس نوٹس میں اوپر دیا گیا ہے۔

کمپنی COVID-19 کے اثرات کی نگرانی کر رہی ہے اور سالانہ اجلاس عام سے متعلق کسی بھی متعلقہ اپ ڈیٹ کا اعلان کمپنی کی ویب سائٹ (www.pk-consumerhealthcare.gsk.com) اور PUCARS کے ذریعے کیا جائے گا۔

2۔ کمپنی کی شیئر رجسٹر/ ٹرانسفر بکس 17 اپریل 2021 تا 21 اپریل 2021 (بشمول دونوں ایام) حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے مقدار کا تعین کرنے کیلئے بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے آفس بمقام CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر 14 اپریل 2021 (بروز بدھ) کو کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہونے والی درخواستوں کو منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے درست تسلیم کیا جائیگا۔

3۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے کو اجلاس میں اپنی جگہ پر شرکت، اظہار رائے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی نامزد کر سکتا ہے۔ پراکسی کی نامزدگی کی دستاویز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے آفس بمقام سینٹرل ڈپازٹری کمپنی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروائی جا سکتی ہے۔ شیئر ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل کو پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔ براہ مہربانی مزید معلومات کمپنیز ایکٹ 2017 کا سیکشن 137 ملاحظہ کریں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ (www.pk-consumerhealthcare.gsk.com)۔

4۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ رجسٹرار پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

5۔ مزید CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے بیان کردہ درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

A۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے

i۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کروائیں گے۔

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اجلاس میں شرکت کے وقت فراہم کی جائیں گی۔

B۔ نمائندگی کے لیے

i۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں اور درج بالا تقاضوں کے تحت پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

ii۔ پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی موجود ہونی چاہیے، جن کے نام، پتے شناختی کارڈ نامزدگی فارم میں موجود ہوں۔

iii۔ متعلقہ افراد اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

iv۔ پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کو، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے جمع نہ کروایا گیا ہو)، پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا ہوگا۔

vi۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے www.pk-consumerhealthcare.gsk.com

6۔ فزیکل شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز کو بھی لازماً اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور/ یا شیئر ہولڈر (ہولڈرز) کے CNIC کی کاپی جن کے وہ پراکسی ہیں ہمراہ لانی ہوگی، بغیر شناختی کارڈ کے ایسے شیئر ہولڈر/ ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور/ یا شیئر ہولڈرز/ ممبرز کے رجسٹر میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

7۔ الیکٹرونک ڈیویڈنڈ کے لیے CNIC/NTN کی نقل جمع کروانا لازمی ہے:

a) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان SRO 831(1)/2012 بتاریخ 05 جولائی 2012 کے SRO 19(1)2014 بتاریخ 10 جنوری 2014 اور دیگر متعلقہ قوانین کے ساتھ پڑھا جائے گا، اس کے مطابق الیکٹرونک ڈیویڈنڈ پر رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کا CNIC نمبر موجود ہونا چاہیے، سوائے نابالغان اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کے۔

b) مزید یہ کہ کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن نمبر 4 اور 6 کے تحت، کمپنی شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کے شناختی نمبر (CNIC یا نیشنل ٹیکس نمبر) کی عدم دستیابی پر ڈیویڈنڈ کو روکنے پر پابند ہوگی۔

c) اسی طرح ایسے اراکین جنہوں نے اب تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کمپنی شیئر رجسٹرار کے پاس جمع نہیں کروائی ہے ان سے ایک مرتبہ پھر درخواست کی جاتی ہے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل جلد از جلد براہ راست کمپنی شیئر رجسٹرار کو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر بھجوا دیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اور فولیو نمبر اور مجاز نمائندے کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی فراہم کریں۔

8۔ الیکٹرونک ذرائع سے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (لازمی):

a) SECP کے سرکلر نمبر 18 برائے سال 2017 بتاریخ 1 اگست 2017 کے تحت اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز ریگولیشنز 2017 (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) میں موجود ڈیویڈنڈ کی تقسیم سے متعلق معاملات کے مطابق لسٹڈ کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو صرف الیکٹرونک طریقے سے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی براہ راست شیئر ہولڈر کی طرف سے تجویز کردہ بینک اکاؤنٹ میں کرے۔ اسی لیے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی بینک سے متعلق تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مہیا کریں۔ جس میں (i) اکاؤنٹ کا مکمل (ii) اکاؤنٹ نمبر (iii) IBAN نمبر (iv) بینک کا نام اور (v) برانچ کا نام، کوڈ اور ایڈریس اور (vi) موبائل نمبر شامل ہوں۔ ایسے شیئر ہولڈرز جو اپنے شیئرز پارٹیسپنٹس/ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) میں رکھتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ مذکورہ بالا معلومات اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/ CDC کو مہیا کریں۔

b) براہ مہربانی نوٹ فرمائیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243(3) کے مطابق کمپنی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ مذکورہ بالا معلومات کی عدم فراہمی کی صورت میں شیئر ہولڈرز کی ڈیویڈنڈ ادائیگیوں کو روک دے۔

c) شیئر ہولڈرز کی آسانی کے لئے کمپنی کا ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.pk-consumerhealthcare.gsk.com پر دستیاب ہے۔

9۔ سی ڈی سی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی یا کسی بھی دیگر میڈیا کے ذریعے سالانہ آڈٹ اکاؤنٹس کی ترسیل

a) SECP نے اپنے SRO 470(1)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے ذریعے کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ بیلنس شیٹ، منافع اور نقصان کا اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ (سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس) اپنے اراکین کو سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کریں۔ مذکورہ بالا کی روشنی میں، کمپنی نے 20 نومبر 2017 کو منعقد غیر معمولی اجلاس عام میں اس حوالے سے شیئر ہولڈرز سے منظوری حاصل کر لی ہے، کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ 2018 اپنے شیئر ہولڈرز کو سی ڈی کی شکل میں ارسال کر دی ہے۔

b) SRO 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) کے تحت آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی الیکٹرونک فارمیٹ میں بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اسی طرح 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی ویب سائٹ www.pk-consumerhealthcare.gsk.com پر دستیاب ہیں۔ کوئی بھی شیئر ہولڈر کمپنی کی ویب سائٹ پر مکمل سالانہ رپورٹ دیکھ سکتا ہے یا کوئی بھی ممبر جو سالانہ رپورٹ پرنٹ شدہ یا الیکٹرونک فارمیٹ پر بذریعہ ای میل حاصل کرنے کا خواہش مند ہو، اپنی درخواست کمپنی کی ویب سائٹ www.pk-consumerhealthcare.gsk.com پر منسلک "انویسٹر ریکوئسٹ فارم" کو استعمال کرتے ہوئے ارسال کر سکتا ہے۔ ممبر اس کی بارہ کاپی کیلئے درخواست دے سکتے ہیں جو بلا معاوضہ درخواست کی وصولی کے سات (7) یوم کے اندر فراہم کی جائے گی۔

10۔ ڈیویڈنڈ پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

a) ایسے تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام موجود ٹیکس دہندگان (ATL) میں موجود نہیں ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنا نام اس لسٹ میں درج کروانے کیلئے مرتب قانونی تقاضے پورے کرائیں۔ بصورت دیگر ان کے ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کی کٹوتی قانون کے مطابق ہوں گی۔

b) مزید یہ کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی طرف سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں ود ہولڈنگ ٹیکس کا حساب فائلر/ نان فائلر کے لیے اصل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے لیے ان کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر علیحدہ علیحدہ کیا جائے گا۔

c) اس حوالے سے تمام شیئر ہولڈرز جو جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئرز کے حامل ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو اپنے شیئرز کے سلسلے میں اصل شیئر ہولڈرز اور مشترکہ شیئر ہولڈرز کی شیئر ہولڈنگ کا تناسب تحریری طور پر فراہم کریں:

پرنسپل شیئر ہولڈر			جوائنٹ شیئر ہولڈر		
فولیو/ CDS اکاؤنٹ نمبر	مجموعی شیئرز	نام اور CNIC نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور CNIC نمبر (شیئرز کی تعداد)	شیئر ہولڈنگ کا تناسب

نوٹس:

i۔ درکار معلومات ہمارے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 14 اپریل 2021 تک موصول ہو جانی چاہیے، بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ شیئرز اصل شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈرز کے درمیان مساوی طور پر موجود ہیں، اور اسی لحاظ سے ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

ii۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ یقینی بنائیں کہ ان کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر، پارٹیسپنٹ/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا شیئر رجسٹرار (فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کے ذریعے ریکارڈ کیا گیا ہے۔

iii۔ ایسے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جو CDC میں اکاؤنٹ رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے ساتھ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپ ڈیٹ کریں۔ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو چاہیے کہ اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ تمام شیئر ہولڈرز NTN یا NTN سرٹیفکیٹس ارسال کرتے ہوئے یقینی بنائیں کہ انہوں نے اپنی کمپنی کا نام اور فولیو نمبر واضح کر دیے ہیں۔

iv۔ ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ صرف اسی صورت میں دیا جائے گا جب سود ٹیکس ایگزیمشن سرٹیفکیٹ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 13 مئی 2021 تک مہیا کر دیا جائے۔

11۔ پوسٹل بیلٹ/ ای-ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب اور دیگر ایجنڈا آئٹم کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کی ضروریات کے مطابق قانونی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل شرائط کے تحت بذریعہ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں یعنی ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے۔

12۔ فزیکل شیئرز کو CDC اکاؤنٹ میں جمع کروانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام موجود لسٹڈ کمپنیز کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم سے تبدیل کریں جیسا کہ واضح کیا جا چکا ہے اور SECP میں اس کی تاریخ کی وضاحت بھی کی گئی ہے جو کہ بنک کے خاتمے کی تاریخ مورخہ 30 مئی 2017 سے لے کر چار سالہ مدت سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ ایسے شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئرز رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کسی بھی بروکر یا براہ راست CDC میں اپنی اکاؤنٹ کھلوائیں اور اپنے فزیکل شیئرز کو اسٹاک ایکسچینج میں رکھیں۔ یہ بہت طریقوں سے شیئر ہولڈر کے لیے فائدہ مند ہو سکتا ہے جس میں شیئرز کی محفوظ تحویل اور کسی بھی وقت فروخت شامل ہے کیونکہ اب پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قوانین کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

13۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی

a) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132(2) کے مطابق ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔

b) اگر کمپنی اجلاس کے شہر کے علاوہ کسی دوسرے جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبر سے اجلاس کے سات (7) دن قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی رضامندی حاصل کرتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کی صورت میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل فارم پر کمپنی اور کمپنی کے رجسٹرار سے پر سالانہ اجلاس عام سے سات (7) روز قبل جمع کروائیں۔

c) کمپنی تمام تر ضروری معلومات کے ساتھ مہربانی درج ذیل فارم پر ممبرز کو سالانہ اجلاس عام سے کم از کم 5 روز قبل ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام سے آگاہ کرے کی تاکہ اس سہولت تک رسائی حاصل کر سکیں۔

میں/ہم ..... گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ کے ممبر اور رجسٹرڈ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ..... کے مطابق ..... عمومی شیئرز کے حامل ہونے کے ناطے ..... پر ویڈیو کانفرنس کا انتخاب کرتے ہیں۔

دستخط شیئر ہولڈر .....

سالانہ اجلاس عام کے لیے درکار قانونی ضابطہ اخلاق

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 215 اور کمپنیز (عام دفعات اور فارمز) ریگولیشنز 2018 کی ریگولیشن نمبر 28 کے مطابق حصص یافتگان کے ضابطہ اخلاق کو مندرجہ ذیل طور پر بیان کیا جاتا ہے: حصص یافتگان کو کسی فیصلے کے لیے براہ راست انتخاب سے اثر ورسوخ قائم کرنے یا اس سے رجوع کرنے کی اجازت نہیں ہے کیونکہ ایسا کرنے سے انتظامیہ کے لیے ہموار انداز میں امور کی انجام دہی کے لیے رکاوٹیں پیدا ہو سکتی ہیں۔ قانون میں کہا گیا ہے کہ حصص یافتگان ایسا کوئی بھی مواد نہیں لائیں گے جس سے شرکاء یا اجلاس کو خطرہ لاحق ہو جہاں سالانہ اجلاس عام منعقد کیا جا رہا ہو۔ وہ اپنے آپ کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹم تک محدود رکھیں گے اور کسی بھی سیاسی وابستگی کے انکشاف کے انداز میں کچھ انجام نہیں دیں گے۔ مزید برآں، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185 کے تحت کمپنی کو اس بات کی اجازت حاصل نہیں ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان کو کسی بھی شکل میں تحائف اپنے اجلاسوں میں تقسیم کرے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت بیانیہ

یہ بیان 21 اپریل 2021 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے چھٹے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے جس میں اس نوٹس کے ایجنڈے نمبر 4 میں متعین خصوصی کاروبار سے متعلق تناولہ کیا جائے گا۔ اس بیان کا مقصد ایسے خاص کاروبار سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرنا ہے۔

آئٹم نمبر 4

جناب فرحان محمد ہارون جو کہ فریکشن (demerger) کے ارسٹی بھی ہیں، ان کی ملکیت میں موجود 4,913 ہزار عمومی حصص کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کو ایک یا ایک سے زائد خیراتی اداروں/ فلاحی اداروں یا کسی بھی دوسرے ادارے کو دی جائیں گی جو کہ انسانی فلاح و بہبود کے کاموں میں سرگرم عمل ہیں، ایسے کسی بھی ادارے کے نام کی منظوری کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے اسی وقت دی جائے گی۔

گلیکسو GSK اور NVS کے سال 2015 میں انضمام کے ساتھ GSK پاکستان لمیٹڈ (GSK PAKISTAN) کے کنزیومر ہیلتھ کیئر بزنس کو GSK کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ (GSK CH Pakistan) کر دیا گیا ہے۔ ایکیم آف ارینجمنٹ (جس میں یہ بات واضح کی گئی تھی کہ اگر حصص کے الاٹمنٹ کے نتیجے میں GSK CH Pakistan میں حصص کا جزوی اختلاق پیدا ہو جائے تو، GSK CH Pakistan پاکستان کے ایسے شیئر ہولڈرز کو فرینکشنل شیئرز کا اجراء نہیں کرے گا)، ڈیلوئٹ یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے حساب سے تبادلہ تناسب 3:10 حصص کے ساتھ، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 25 اگست 2015 کو منظور کیا تھا۔

اسی مناسبت سے، کمپنی کے اس وقت کے CFO جناب فرحان محمد ہارون نے 4,913 ہزار عمومی حصص کو بطور فریکشن (demerger) کے طور پر رکھا تھا جو کہ آج تک غیر متنازعہ ہیں۔

GSK پاکستان کے شیئر ہولڈرز نے ایکیم آف ارینجمنٹ کی منظوری 30 نومبر 2015 کو منعقد غیر معمولی اجلاس عام میں دی تھی۔ معزز ہائی کورٹ سندھ نے GSK پاکستان کے کنزیومر ہیلتھ کیئر بزنس کے demerger سے متعلق GSK پاکستان کے لیے اور اس کی جانب سے دائر ایکیم آف ارینجمنٹ کی منظوری 29 فروری 2016 کو اپنے آرڈر کے تحت دی تھی۔ GSK پاکستان سے GSK CH پاکستان کا demerger یکم اپریل 2016 سے مؤثر تھا۔

اسی لیے کمپنی کو جناب فرحان ہارون، فریکشن (demerger) کے ارسٹی، کے پاس موجود 4,913 شیئرز کی فروخت سے حاصل آمدنی کو عطیہ کرنے کے لیے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی اجازت مطلوب ہے جو کہ ایک یا ایک سے زائد خیراتی اداروں/ فلاحی اداروں یا کسی بھی دوسرے ادارے کو دی جائیں گی جو کہ انسانی فلاح و بہبود کے کاموں میں سرگرم عمل ہیں، ایسے کسی بھی ادارے کے نام کی منظوری کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے اسی وقت دی جائے گی۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کمپنی میں اپنی شیئر ہولڈنگ کے سوائے اس کاروبار میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتے ہیں۔